نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو سے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں رائس ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن آف پاکستان کے وفد کی ملاقات

ملاقات کے دوران چاول کی برآمد کا ہدف 5ارب ڈالر حاصل کرنے کیلئے تجاویز کو حتمی شکل دی گئی

لاہور:25اپریل 2024:( ) سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو سے رائس ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن آف پاکستان کے وفد نے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں ملاقات کی۔ملاقات کے دوران چاول کی برآمد کا ہدف 5 ارب ڈالر حاصل کرنے کیلئے تجاویز کو حتمی شکل دی گئی۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ محکمہ زراعت رائس ایکسپورٹرز کے ساتھ چاول کی برآمد میں اضافہ کیلئے ہر ممکن تعاون کرے گا۔انہوں نے کہا کہ دھان کی کلسٹر اور کارپوریٹ فارمنگ سے اچھے نتائج برآمد ہوں گے۔اعلیٰ کوالٹی کی پیداوار سے بیرونِ ملک پاکستانی چاول کی مانگ میں اضافہ ہوگا۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ صوبہ میں باسمتی کی کاشت میں کمی کی وجوہات کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔دھان کی دو فصلوں کی حوصلہ شکنی کیلئے قانون سازی کیلئے مسودہ تیاری کے مراحل میں ہے۔سیکرٹری زراعت نے شعبہ تحقیق،توسیع اور پیسٹ وارننگ کو دھان کی اعلیٰ کوالٹی کی پیداوار کیلئے اپنی سطح پر عملی کردار ادا کرنے کی ہدایت کی۔انھوں نے کہا کہ دھان کی ہارویسٹنگ کیلئے اعلیٰ قسم کی نئی کمبائن ہارویسٹرز درآمد کی جائیں گی۔محکمہ زراعت پنجاب 1000 نئی ہارویسٹنگ مشینوں کی درآمد کیلئے وفاقی حکومت سے رابطہ میں ہے۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے واضح کیا کہ دھان کی باقیات پر زرعی زہروں کے اثرات والی پیسٹی سائیڈز کی فروخت کی حوصلہ شکنی کی جائے گی اور ایسی تمام زرعی زہروں کی فروخت دھان کے مرکزی علاقوں میں بین کرنے کی سفارش کی جائے گی۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے دھان کی باقیات پر دیرپا زرعی زہروں کے اثرات کا جائزہ لینے کیلئے ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس پنجاب محمد شبیر احمد خان کی سربراہی میں خصوصی کمیٹی قائم کی۔اس کمیٹی کے دیگر ممبران میں ڈائریکٹر جنرلز زراعت توسیع، پیسٹ وارننگ، فیلڈ اور کنسلٹنٹ محکمہ زراعت ڈاکٹر انجم علی ہوں گے۔کمیٹی میں رائس ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن آف پاکستان کے نمائندگان بھی شامل ہوں گے۔یہ کمیٹی اگلے 15 روز میں اپنی سفارشات پیش کرے گی۔اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس پنجاب محمد شبیر احمد خان، ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع ڈاکٹر اشتیاق حسن، ڈائریکٹر جنرل زراعت پیسٹ وارننگ پنجاب ڈاکٹر عامر رسول، کنسلٹنٹ محکمہ زراعت ڈاکٹر محمد انجم علی، ڈائریکٹر زراعت توسیع لاہور ڈویژن شیر محمد شراوت اور ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں سمیت دیگر افسران کی شرکت کی جبکہ رائس ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن آف پاکستان سے سینئر وائس چیئرمین حسیب علی خان، علی حسام اضغر و دیگر ممبران نے شرکت کی۔

☆☆☆☆